**24.09.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ حکومت نے مختلف شعبوں کے لیے 95 ہزار کروڑ روپے مالیت کی 6 تجاویز کو منظوری دی ہے۔ ملک کے جہاز سازی اور سمندری شعبے کو فروغ دینے کے لیے تقریباً 70 ہزار کروڑ روپے کے پیکیج کو منظوری دی گئی ہے۔

☆ کابینہ نے ریلوے کے ملازمین کو 78 دن کے پیداوار سے منسلک بونس کو منظوری دے دی ہے۔ اِس نے پوسٹ گریجوئٹ اور انڈر گریجوئٹ طبی تعلیم کی صلاحیت میں بڑی توسیع کرنے کی منظوری دی۔

☆ چھتیس گڑھ کے دانتے واڑہ ضلع میں 71 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی ہے۔

☆ لداخ کو ریاست کا درجہ دینے اور چھٹے شیڈول کی توسیع کے لیے مطالبے پر پرتشدد احتجاج کے بعد، لہہ میں امتناعی احکامات نافذ کردیے گئے ہیں۔

☆ سُپر سمندری طوفان Ragasa نے جنوب مشرقی ایشیا میں اَفرا تفری پھیلا رکھی ہے۔ تائیوان میں 17 افراد اور فلیپائن میں 4 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور مردوں کے T-20 ایشیا کپ کرکٹ میں، دُبئی میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان Super 4 مرحلے کا مقابلہ جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Cabinet CCEA**

مرکزی کابینہ نے آج تقریباً 95 ہزار کروڑ روپے مالیت کی چھ تجاویز کو منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ آج کی کابینہ میٹنگ میں کیے گئے فیصلوں میں متعدد شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

**S/B: Ashwini Vaishnaw**

وزیر موصوف نے کہا کہ کابینہ نے بھارت کے جہاز سازی اور بحری شعبے کی تجدید کیلئے 69 ہزار 725 کروڑ روپے کے ایک جامع پیکیج کو منظوری دی ہے۔ اس پیکیج کے تحت گھریلو صلاحیت کو مضبوط بنانے، طویل مدتی فائنسنگ کو بہتر بنانے اور گرین فیلڈ اور براؤن فیلڈ شپ یارڈ کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے چار ستون پرمبنی ایک نقطۂ نظر کو متعارف کرایا گیا ہے۔

**S/B: 1800- Ashwini Shipbuilding-19sec**

حکومت نے 10 لاکھ 91 ہزار ریلوے ملازمین کیلئے پیداواریت سے منسلک 78 دن کے بونس کی ادائیگی کو بھی منظور کرلیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے سائنس اور صنعتی تحقیق کے محکمے اور سائنسی وصنعتی تحقیق کی کونسل کی صلاحیت سازی اور انسانی وسائل کے فروغ کی اسکیم کو بھی منظوری دے دی ہے، جو 15 ویں مالیاتی کمیشن کی 22-2021 سے 26-2025 کی مدت کیلئے ہوگی۔

حکومت نے ملک میں میڈیکل کی تعلیم میں صلاحیت کو فروغ دینے کیلئے پوسٹ گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ سیٹوں کی توسیع کے سلسلے میں بھی ایک بڑا فیصلہ کیا ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے بہار میں بختیار پور-راجگیر - Tilaiya ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کی بھی منظوری دے دی ہے۔

حکومت نے بہار میں قومی شاہراہ 139-W پر صاحب گنج-Bettiah سیکشن کے تعمیراتی کام کو ہائبرڈ موڈ میں مکمل کرنے کی بھی منظوری دی ہے۔

**S/B: Ashwini Vaishnaw- Double Line 27sec**

## PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل، اترپردیش اور راجستھان کے دورے پر رہیں گے۔ وہ گریٹر نوئیڈا میں اترپردیش بین الاقوامی تجارتی نمائش 2025 کا افتتاح کریں گے اور اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ یہ تجارتی نمائش 29 ستمبر تک جاری رہے گی۔ اِس میں ریاست کی گونا گوں دستکاری روایات، جدید صنعتوں، متحرک MSME اور ابھرتے ہوئے چھوٹے کاروباریوں کو ایک واحد پلیٹ فارم پر اجاگر کیا جائے گا۔ اِس میں جن اہم شعبوں کی نمائندگی کی جائے گی، اُن میں دیگر کے علاوہ دستکاری، ٹیکسٹائلز، چمڑا، زراعت، خوراک کو ڈبہ بند کرنے، IT، الیکٹرانکس اور آیوش شامل ہیں۔ یہاں اترپردیش کے مالا مال فن، ثقافت اور کھان پان کو بھی ایک ہی جگہ پیش کیا جائے گا۔

بعد میں وزیر اعظم راجستھان کا دورہ کریں گے اور ایک لاکھ 22 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ Banswara میں ایک عوامی تقریب سے خطاب کریں گے۔×

## PM - World Food India

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ورلڈ فوڈ انڈیا 2025 کا افتتاح کریں گے۔ یہ 4 روزہ تقریب ڈبہ بند خوراک کے شعبے، خوراک کی پائیداری اور تغذیائی اور نامیاتی خوردنی اشیاء کی پیداوار میں بھارت کے استحکام کی نمائش کرے گی۔ یہ ڈبہ بند خوراک میں بھارت کے تبدیلی کے سفر کی نمائش کرنے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی تعاون اور سرمایہ کاری کے مواقع کو بھی اجاگر کرے گی۔ اِس میگا عالمی خوراک کی تقریب میں 21 سے زیادہ ممالک، 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور 10 مرکزی وزارتوں سے شرکت کی جائے گی، جو اِسے بھارت کی ڈبہ بند خوراک کے شعبے میں متعلقہ فریقین کا سب سے بڑا اجتماع بنائے گا۔

پردھان منتری کی ڈبہ بند خوراک کی صنعتوں کو باضابطہ بنانے کی اسکیم کے تحت، ڈبہ بند خوراک کے شعبے میں چھوٹے پروجیکٹوں کے لیے تقریباً 26 ہزار مستفیدین کو 770 کروڑ روپے سے زیادہ کی قرضے سے منسلک مدد فراہم کی جائے گی۔ CEO راؤنڈ ٹیبلز، تکنیکی اجلاس، نمائشیں اور کثیر کاروباری مذاکرات سمیت بہت سے اجلاس، اِس تقریب کے دوران منعقد کیے جائیں گے۔ 14 پویلین قائم کیے گئے ہیں، جن میں سے ہر ایک کے لیے ایک خصوصی موضوع رکھا گیا ہے۔ توقع ہے کہ اُنہیں دیکھنے کے لیے تقریباً ایک لاکھ افراد پہنچیں گے۔×

**PM Auction**

وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی ہے کہ وہ مختلف سرکاری پروگراموں کے دوران اُنہیں موصول ہوئے تحائف کی آن لائن نیلامی میں سرگرمی کے ساتھ شامل ہوں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ نیلامی سے حاصل رقم، نمامی گنگے پہل میں مدد کرے گی، جو دریائے گنگا کے تحفظ اور احیا سے متعلق اہم پروگرام ہے۔x

**Chattisgarh - Maoist**

آج چھتیس گڑھ کے Dantewada ضلع میں، 21 خواتین سمیت 71 ماؤنوازوں نے سکیورٹی فورسز کے سامنے خود سپردگی کی۔ پولیس نے بتایا کہ اُن میں سے 30 افراد پر مجموعی طور سے 64 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے Dantewada ضلع کے ایس پی گورَو رائے نے کہا کہ اِن ماؤنوازوں نے ''Lone Varratu'' یا ''گھر واپسی'' مہم کے اثر کے تحت خود سپردگی کی ہے، جسے ضلع میں چلایا جارہا ہے۔

**SB - Gaurav Rai**

حکام نے بتایا کہ ریاستی حکومت کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت، خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں میں سے ہر ایک کو 50 ہزار روپے کی ترغیبی رقم فراہم کی جائے گی۔ اِس کے ساتھ ہی انہیں مہارت کی فروغ کی تربیت سمیت دیگر سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔×

**Seva Parv WAVES**

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت، بھارت کو میڈیا اور تفریح کا ایک عالمی مرکز بنانے کیلئے WAVES سمٹ کے ذریعے تخلیق اور ٹیکنالوجی کو فروغ دے رہی ہے۔

**Capsule**

نریندر مودی حکومت، متن، تخلیق اور ثقافت کو فروغ دے رہی ہے تاکہ بھارت کو اِس سلسلے میں ایک عالمی لیڈر بنایا جاسکے۔ اِس نظریے کے تحت اِس سال 1 سے 4 مئی تک ممبئی میں پہلی WAVES سربراہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اِس کا مقصد دنیا بھر کے تخلیق کاروں، اسٹارٹ اپس، صنعتکاروں اور پالیسی سازوں کو یکجا کرکے بھارت کو میڈیا اور انٹرٹیمنٹ کے ایک

عالمی مرکز کے طور پر پیش کرنا تھا۔ WAVES کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا تھا کہ بھارت کی تخلیقی معیشت، GDP میں مثبت طور پر تعاون کرسکتی ہے۔

**S/B: PM- WAVES**

ایک روشن مستقبل کی خاطر تخلیق، ٹیکنالوجی اور ہنر کو بروئے کار لانے کے وزیر اعظم کے نظریے سے ہم آہنگ WAVES میں فلموں، OTT گیمنگ، ڈیجیٹل میڈیا، AI وغیرہ کو شامل کیا گیا۔ سرکردہ ادا کار عامر خان نے اِس پہل کی ستائش کی۔

**S/B: Amir Khan**

WAVES کے بھارت کے میڈیا اور انٹرٹیمنٹ کے منظر نامے کے مستقبل پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔

**Nirmala GSTAT**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج نئی دلّی میں اشیاء اور خدمات کے appeliate ٹرائبونل GSTAT کا آغاز کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ فورم، ٹیکس دہندگان کیلئے انصاف کی سچی علامت، کاروبار کیلئے بھروسے کا ایک ستون اور بھارت کی جاری اقتصادی پیش رفت کیلئے عمل انگیز فورم بنے گا۔×

**GST Reforms - Food Products**

اگلے دور کی GST اصلاحات سے، بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم کا اظہار ہوتا ہے۔ اب لوگ GST اصلاحات کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، جن پر اِس مہینے کی 22 تاریخ سے عمل شروع ہو گیا ہے۔ نئے نظام کے تحت GST کونسل نے پانچ، بارہ، اٹھارہ اور اٹھائیس فیصد کے پہلے والے چار زمروں کے نظام کو، پانچ اور اٹھارہ فیصد کے دو زمروں والے نظام میں تبدیل کر دیا ہے۔

بہت سی اشیا اور خدمات، پر عائد ٹیکس کی شرحوں میں کمی کیے جانے سے شہریوں کو، خاطر خواہ راحت ملی ہے۔

**VC - Rohan / Aditya**

حکومت نے عام آدمی کے اخراجات کو کم کرنے کی غرض سے خوردنی مصنوعات پر ٹیکس شرحوں میں نمایاں کمی متعارف کرائی ہے۔ عام آدمی کو راحت فراہم کرنے کے لیے، حکومت نے بادام، کشمیری بادام، کھجور اور انجیر جیسے خشک میوا جات پر GST کو 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردیا ہے۔ اِسی طرح خصوصی تغذیائی مصنوعات سمیت ذیابیطس موافق اشیاء پر ٹیکس کی شرح کو 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردیا گیا ہے، تاکہ ذیابیطس کے مریضوں پر مالیاتی بوجھ میں کمی آسکے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی کے ایک باشندے امن نے اِس اقدام کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا کہ صحت مند کھانے پینے کی اشیاء پر ٹیکس شرحوں میں کمی سے لوگوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا اور عام آدمی، اُنہیں خرید سکے گا۔

**SB - Aman (GNR Mail)**

توقع ہے کہ نئی اصلاحات متوسط طبقے کے نوجوانوں اور شہر میں کام کرنے والے پیشہ ور افراد کے لیے رسائی میں اضافہ کریں گی تا کہ وہ زیادہ صحت مند طرز زندگی اپنا سکیں۔
دلّی سے روہن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں توحید

**Prez PM Condolence**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کنڑ زبان کے سرکردہ مصنف، مفکر اور پدم بھوشن ڈاکٹر SL Bhyrappa کے انتقال پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ ڈاکٹر Bhyrappa کی میراث، آئندہ نسلوں کو تحریک دیتی رہے گی۔
وزیر اعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ ملک نے ایک ایسی قدآور شخصیت کو کھویا ہے، جس نے ملک میں شعور کو بیدار کیا۔x

**Leh - Situation**

لہہ میں، چھٹے شیڈول کی توسیع کے ساتھ ساتھ لداخ کو ریاست کا درجہ دینے سے متعلق مرکز کے ساتھ مجوزہ بات چیت میں پیش رفت کرنے کے مطالبے کی حمایت میں پر تشدد احتجاج کے بعد، پابندیاں عائد کردی گئی ہیں۔ لہہ ضلع میں امن و قانون کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا BNSS، 2023 کی دفعہ 163 کے تحت، لہہ کے ضلع مجسٹریٹ کے ذریعے جاری آرڈر میں کہا گیا ہے کہ لہہ میں مجاز اتھارٹی سے پیشگی منظوری لیے بغیر، کوئی بھی جلوس، ریلی اور مارچ نہیں نکالا جانا چاہیے۔ ایسی گاڑیوں کو استعمال نہیں کیا جائے گا، جن پر اِسپیکر لگے ہوں۔ کسی کو بھی ایسے بیانات دینے کی اجازت نہیں ہے، جس سے عوامی نظم ونسق میں خلل پڑے نیز جس کی وجہ سے ضلع میں امن و قانون کی صورتحال پیدا ہو۔ لہہ ضلع کی حدود میں 5 یا اُس سے زیادہ افراد کے ایک جگہ جمع ہونے پر پابندی برقرار رہے گی۔
لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر Kawinder گپتا نے تشدد کی سخت مذمت کی ہے اور امن کے لیے اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکز بات چیت کے لیے تیار ہے اور لہہ میں آج ہونے والے تشدد کے واقعات لداخ کی تاریخ اور ورثے کے خلاف ہیں۔ جناب گپتا نے مزید کہا کہ وہ افراد آج کے احتجاج میں ہونے والے نقصان کے ذمہ دار ہیں، جنہوں نے اِس تشدد کو ہوا دی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے معاشرے کے تمام طبقات سے پر زور اپیل کی کہ وہ پر امن مذاکرات کریں۔ انہوں نے شہری اور مذہبی تنظیم پر امن اور لداخ کے بہتر مستقبل کے لیے کام کرنے پر زور دیا۔x

**Typhoon Ragasa**

سُپر سمندری طوفان Ragasa نے تائیوان، ہانگ کانگ، فلپائن اور جنوبی چین میں افرا تفری پھیلا دی ہے، جہاں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ تائیوان میں 17 افراد ہلاک، جبکہ 18 زخمی ہوگئے، کیونکہ اِس خوفناک طوفان نے اِس کے مشرقی، جنوبی اور جنوبی ساحلی علاقوں میں تباہی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، جہاں شدید بارش ہوئی ہے۔ فلپائن میں 4 افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، کیونکہ طوفان نے جنوبی چینی ساحل پر زندگی کے معمولات کو معطل کردیا ہے۔ جنوبی چین

سے تقریباً 2 لاکھ افراد کو متاثرہ علاقوں سے باہر نکالا گیا ہے۔ اِس سال دنیا کا یہ شدید ترین طوفان Ragasa بتدریج ہانگ کانگ سے دور ہو رہا ہے، البتہ اِس شہر میں طوفانی ہوائیں بدستور چل رہی ہیں۔×

## WB Rain

کولکاتہ اور مغربی بنگال سے متصل علاقوں میں بارش سے وابستہ واقعات میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 11 ہوگئی ہے۔ اگرچہ شہر کے مختلف حصوں اور مضافاتی علاقوں میں بھرا ہوا پانی کم ہوا ہے لیکن کئی نشیبی علاقے، اب بھی زیر آب ہیں۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے مہلوکین کے کنبوں کو دو دو لاکھ روپے کی نقد امداد کا اعلان کیا ہے۔ x

## Asia Cup Ind Bang

کرکٹ میں دبئی میں مردوں کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں سُپر فور کے تحت بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ جاری ہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 17 اوورز میں 5 وکٹ پر 142 رن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل بنگلہ دیش نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ آج کا میچ جیتنے والی ٹیم، فائنل میں اپنی جگہ پکّی کرلے گی۔ دونوں ہی ٹیموں نے سُپر فور کے اپنے پہلے میچ جیتے ہیں۔ بھارت نے ٹورنامنٹ میں دوسری مرتبہ پاکستان کو ہرایا تھا، جبکہ بنگلہ دیش نے سری لنکا کو شکست دی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆